# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## آزاد جموں و کشمیر میں تیزی سے بگڑتی صورتحال اور شہریوں اور ریاستی مشینری کے مابین پرتشدد تصادم کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے آزاد جموں و کشمیر میں شہریوں کی ہلاکتوں کی شدید مذمت

ہارس ٹریڈنگ اور فلور کراسنگ کی بنیاد پر قائم ریاستی حکومت سے فوری طور پر مستعفی ہونے کا مطالبہ

شہریوں کے قتل کی تحقیقات اور ذمہ داروں کے تعیّن کا بھی مطالبہ

پاکستان تحریک انصاف کو آزاد جموں و کشمیر میں تیزی سے بگڑتی صورتحال پر گہری تشویش ہے،

ساکھ، صلاحیت اور مینڈیٹ سے محروم حکومتیں آزاد جموں و کشمیر میں مقبوضہ جموں و کشمیر کی سی صورتحال پیدا کررہی ہیں، ترجمان تحریک انصاف

پرامن احتجاج اور بنیادی حقوق کے معاملے میں کشمیر اور وفاقی حکومت کی جانب سے مودی کی پیروی شرمناک اور قابلِ مذمت ہے، ترجمان تحریک انصاف

ساکھ، صلاحیت اور عوامی تائید سے محروم حکومتیں ملک و قوم کیلئے ایک وبال کی صورت اختیار کرچکی ہیں،

ماورائے آئین طاقت کے استعمال اور آمرانہ طرزِ حکمرانی پورے سماج میں کشیدگی اور انتشار کا پیش خیمہ بن رہے ہیں، مہذب جمہوری معاشروں میں عوام کی رائے کو طاقت سے کچلنے کی کوششوں کی بجائے حکومتیں ان کی روشنی میں مسائل کے حل کی تدبیر کرتی ہیں، ترجمان تحریک انصاف

ریاستی حکومت لاقانونیت اور تشدد سے حالات خراب کرنے کی بجائے عوامی احتجاج کے حقیقی محرکات کا سنجیدہ تجزیہ کرے اور اہلِ کشمیر کے جائز مطالبات کو تسلیم کرے، ترجمان تحریک انصاف

کشیدگی اور تشدد کی جانب مائل ہونے کی بجائے عوام پرامن احتجاج کے جمہوری حق کو اپنی طاقت بنائیں،

ریاست کو ہارس ٹریڈنگ یا فارم 47 زدہ حکمرانوں کی نااہلی کی بھینٹ چڑھانے کی بجائے عوامی مینڈیٹ اور قانون کی حکمرانی کو ملکی نظام کی بنیاد بنایا جائے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ